

# کاروباری اور ایکسائز ٹیکس

آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں

NYC Department of Finance



### دیگر آپشنز

**نوازشانہ کانفرنس**

اگر آپ قانونی حتمی تاریخوں تک مصالحتی کانفرنس کی درخواست کرنے یا ٹیکس اپیلز ٹریبیونل کو اپیل کرنے میں ناکام رہتے/رہتی ہیں، تو آپ محکمہ مالیات کے ساتھ ایک نوازشانہ کانفرنس کے لیے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کو کانفرنس کا موقع مل جاتا ہے، تو آپ درخواست کر سکتے/سکتی ہیں کہ محکمہ آپ کی ٹیکس کے بار کا پھر سے تعین کرے۔ نوازشانہ کانفرنس کی درخواست کرنے کے لیے ہدایات اس نوٹس میں موجود ہوں گی جو محکمہ مالیات کی جانب سے آپ کو آپ کے ٹیکس کے بار کے بارے میں بتانے کے لیے موصول ہو گا۔

آخر میں، اگر آپ نوازشانہ کانفرنس کے نتیجے سے مطمئن نہیں ہوتے/ہوتیں، تو آپ اپنے کیس پر تفویض کردہ آڈیٹر کے اکتشافات پر اعتراض کرنے کے لیے ایک خروج کانفرنس کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں۔

**ادائیگی کے پلان**

محکمہ مالیات ایسے ٹیکس دہندگان کو ادائیگی کے پلان پیش کرتا ہے جو اپنے کاروباری ٹیکس کے قرض کی ادائیگی کا حل نکالنے میں ناکام رہتے ہیں۔

$500 یا زیادہ کے قرض کے لیے ادائیگی کے پلان کی درخواست کرنے کے لیے محکمے کی ای-سروسز کی ویب سائٹ www.nyc.gov/eservices ملاحظہ کریں۔

اگر آپ پر قرض $500 سے کم ہے، تو ادائیگی کی ترتیب پر بات چیت کے لیے محکمہ مالیات کے کسی بزنس سنٹر میں تشریف لائیں۔ مراکز کے پتے www.nyc.gov/visitdof پر موجود ہیں۔

**NYC ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر**

یہ بروشر نیویارک سٹی ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کے دفتر کی پیش کردہ خدمات کا ایک حصہ ہے۔ اگر آپ نے محکمہ مالیات کے ساتھ ٹیکس کا مسئلہ حل کرنے کے لیے معقول کوشش کی ہے لیکن آپ محسوس کرتے/کرتی ہیں کہ آپ کو اطمینان بخش جواب نہیں ملا، تو ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ معاونت کے لیے www.nyc.gov/taxpayeradvocate ملاحظہ کریں اور فارم DOF-911 "ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کے دفتر سے مدد کی درخواست" مکمل کریں۔

**ای میل:** DOFTaxpayerAdvocate@finance.nyc.gov

## ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ

## کا دفتر

اگر آپ کو کسی معذوری کی بناء پر محکمہ مالیات کی پیش کردہ کسی خدمت کے لیے درخواست دینے یا اس کے حصول کے لیے، یا محکمے کے پیش کردہ کسی پروگرام میں شرکت کے لیے رہائش کی ضرورت ہے تو براہ کرم معذوری کی خدمات کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) سے www.nyc.gov/contactdofeeo پر یا 311 پر کال کر کے رابطہ کریں۔

NYC Department of Finance

nyc.gov/finance

4.29.19

OTA Business Excise Tax [Urdu]

# میں اپنے کاروباری ٹیکس کے قرض پر اعتراض کیسے کروں؟

اگر آپ اپنے کاروباری اور ایکسائز ٹیکس کی بابت محکمہ مالیات کے اکتشافات سے غیر متفق ہیں، تو آپ کے پاس اپیل کرنے کے دو طریقے موجود ہیں۔ آپ محکمہ مالیات کی مصالحتی بیورو (Conciliation Bureau) کے ساتھ ایک مصالحتی کانفرنس کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں یا ٹیکس اپیلز ٹریبیونل کے پاس اپیل دائر کر سکتے/سکتی ہیں۔




## محکمہ مالیات کی مصالحتی بیورو

مصالحتی کانفرنس آپ کے ٹیکس کے تنازعات جلدی سے نمٹانے کے لیے روایتی سماعت کے اخراجات سے پاک خود مختار، غیر رسمی، غیر جانبدارانہ، غیر عدالتی نوعیت کا ہوتا ہے۔ اگر آپ مصالحتی کانفرنس کی درخواست کرنا چاہتے/چاہتی ہیں، تو آپ کو ایک درخواست فارم مکمل کرنا ہو گا۔ www.nyc.gov/finance ملاحظہ کریں اور فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے "مصالحتی کانفرنس" تلاش کریں۔

**یہ سب کیسے ہوتا ہے؟**

کاروباری یا ایکسائز ٹیکس کے قرض کے لیے، آپ کو محکمہ مالیات سے موصول ہونے والے "notice of determination" (تعین کا اطلاع نامہ) یا "notice of disallowance" (استرداد کا اطلاع نامہ) پر موجود تاریخ کے 90 دن کے اندر کانفرنس کے لیے درخواست کرنی چاہیئے۔

کانفرنس کے موقع پر آپ یا آپ کا نمائندہ آپ کی صورتحال کی تائید میں دلائل اور دستاویزات پیش کرے گا۔ اگر کوئی اور شخص آپ کی نمائندگی کرے گا، تو اس شخص کے پاس مختار نامہ ہونا چاہیئے اور آپ کو کانفرنس کے لیے اپنی درخواست کے ساتھ ہی مختار نامے کی دستاویزات بھی فراہم کرنی چاہیئں۔

مصالحت کنندہ کیس کے حقائق کی بنیاد پر فیصلہ جاری کرے گا۔ مصالحت کنندہ محکمہ مالیات کے ابتدائی تعین کی توثیق بھی کر سکتا ہے یا آپ پر واجب الادا رقم کم یا ساقط بھی کی جا سکتی ہے۔ درخواست کی صورت میں آپ کو پوری یا جزوی بازادائیگی موصول ہو سکتی ہے۔

## ٹیکس اپیلز ٹریبیونل

ٹیکس اپیلز ٹریبیونل ٹیکس دہندگان اور محکمہ مالیات کے درمیان تنازعات کے حل کے لیے سٹی کے منشور کے تحت قائم کردہ ایک خود مختار ایجنسی ہے۔ آپ کو انتظامی قانون جج کی سماعت کی درخواست کرنے کا اور، اگر آپ جج کے فیصلے سے غیر متفق ہوں تو، ٹریبیونل کی اپیلز ڈویژن کے پاس اپیل دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔

نیچے بیان کردہ مراحل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اور ضروری فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے www.nyc.gov/taxappeals ملاحظہ کریں۔

**یہ سب کیسے ہوتا ہے؟**

**پہلا مرحلہ: انتظامی قانون جج کی سماعت**

آپ کے کاروباری ٹیکس کے قرض کا آپ کو بتانے والے اطلاع نامے پر موجود تاریخ کے 90 دن کے اندر ٹریبیونل میں سماعت کے لیے پٹیشن دائر کرنی چاہیئے۔ ایک مقرر کردہ جج قبل از سماعت کانفرنس منعقد کرے گا جس میں فریقین تصفیے کی کوشش کریں گے۔ اگر فریقین تصفیہ نہیں کر پاتے، تو ایک سماعت منعقد کی جائے گی۔ جج مقدمے کی کارروائی چلائے گا اور چھ ماہ کے اندر تحریری فیصلہ جاری کرے گا۔ آپ کے پاس جج کے فیصلے کے خلاف اپیل کا حق موجود ہوتا ہے۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ 10,000$ یا کم رقم کے معاملات ٹریبیونل کے چھوٹے دعووں (Small Claims) کے یونٹ کی جانب سے نمٹائے جاتے ہیں۔ یہ کارروائیاں زیادہ رسمی نہیں ہوتیں اور یونٹ کے فیصلوں کے خلاف اپیل نہیں ہو سکتی۔

**دوسرا مرحلہ (اختیاری): جج کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنا**

انتظامی قانون جج کا فیصلہ واجب التعمیل ہوتا ہے، ماسوائے اس کے کہ جج کے فیصلے کے 30 دن کے اندر ایک یا دونوں فریقین ٹریبیونل کی اپیلز ڈویژن کے پاس اعتراض داخل کر دیں۔ ڈویژن کے تین کمشنر آپ کی اپیل پر غور کریں گے اور فیصلہ جاری کریں گے۔

**تیسرا مرحلہ (اختیاری): آرٹیکل 78 کے تحت اپیلز ڈویژن کے فیصلے پر اعتراض دائر کرنا**

اگر آپ اپیلز ڈویژن کے فیصلے سے غیرمتفق ہیں، تو آپ ریاست نیویارک کی سپریم کورٹ میں اپیل کر سکتے/سکتی ہیں۔ اس اپیل کو "Article 78" (آرٹیکل 78) کہا جاتا ہے اور یہ نام ریاستی قانون کے اس سیکشن کی وجہ سے دیا گیا ہے جس کے تحت یہ استوار کی گئی ہے۔ ٹیکس اپیل ٹریبیونل کی جانب سے اپنے کیس کے فیصلے کے بعد 120 دن تک آپ آرٹیکل 78 داخل کر سکتے ہیں۔

**ٹیکس اپیلز کے لیے رابطہ معلومات**


نیویارک سٹی ٹیکس اپیلز ٹریبیونل (Tax Appeals Tribunal)
One Centre Street, New York, NY 10007

اپیلز ڈویژن
(Appeals Division)
کمرہ 2400
فون: 669-2070 (212)
فیکس: 669-2211 (212)

انتظامی قانون جج ڈویژن
(Administrative Law
Judge Division)
کمرہ 2430
فون: 669-4501 (212)
فیکس: 669-4503 (212)